ilmkidunya
علم کی دنیا

Pak Studies - 10th Class Pakistan Studies Chapter 2 Preparation

Q1. قیام پاکستان کے بعد پاکستان کو سب سے پہلے کس ملک نے تسلیم کیا.

Ans 1: 1947ء میں ایران نے پاکستان کو سب سے پہلے تسلیم کیا.

Q2. یورپی یونین سے کیا مراد ہے

Ans 1: یورپی ممالک نے باہمی طور پر ایک یورپ کے تصور کے تحت یورپین یونین بنائی ہے یورپی یونین ممالک کی ایک تنظیم ہے

Q3. پاکستان کی امداد کے حوالے سے سعودی عرب کی خدمات مختصر بیان کریں

Ans 1: دفاعی میدان میں پاکستان نے سعودی عرب کیساتھ فنی تعاون کا اور سعودی عرب کی فوج کو جدید خطوط پر منظم کرنے کے لیے گراں قدر خدمات سرانجام دیں شاہ فیصل نے اسلام میں فیصل مسجد اور انٹرنیشنل اسلامی یونیورسٹی کی تعلیم کے لیے خطیر رقم فراہم کی

Q4. معاہدہ تاشقند سے کیا مراد ہے.

Ans 1: 1965ء کی پاک بھارت جنگ کے بعد جنوری 1966ئ میں روس نے تاشقند کے مقام پر بھارت اور پاکستان کے درمیان معاہدہ کروایا ۔یہ معاہدہ تاشقند کے نام سے مشہور ہے. اس کے تحت جنگی قیدیوں کی واپسی اور علاقوں پر قبضے کا مسئلہ حل کروایا گیا

Q5. مسلہ کشمیر اقوام متحدہ میں کب پیش ہوا

Ans 1: مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ 1949ء میں پیش ہوا

Q6. سینٹو سے کیا مراد ہے

Ans 1: دفاعی شعبے کو مضبوط بنانے کے لیے پاکستان ایران ترکی عراق اور برطانیہ نے ایک دفاعی معاہدے پر دستخط کیے جب 1958 میں عراقی انقلاب کے بعد عراق معاہدے سے باہر ہوگیا تو اسے سینٹو کا نام دیا گیا

Q7. ڈیورنڈلائن کس طرح وجود میں آئی

Ans 1: برطانوی ہند اور افغانستان کے درمیان بارڈر کے تعین کے مسلے کو ہمیشہ کے لیے حل کرنے کے لیے 1893 میں سیکرری وزارت خارجہ حکومت ہند سرڈیورنڈ نے افغان بادشاہ امیر عبدالرحمن سے مذاکرات کیے اور ایک معاہدہ لکھا گیا جس کی رو سے سرحد کا حتمی تعین کردیا گیا افغانستان نے ڈیورنڈلائن کو بین الاقوامی سرحد مان لیا

Q8. چین اور بھارت کے درمیان کہاں جنگ ہوئی

Ans 1: چین اور بھارت کھے درمیان 1962 نیفا اور لداخ میں جنگ ہوئی جس میں بھارت کو بدترین شکست کا سامنا کرنا پڑا

Q9. سندھ طاس معاہدہ کن ممالک کے درمیان ہوا

Ans 1: سندھ طاس معاہدہ پاکستان اور بھارت کے درمیان ہوا یہ معاہدہ ورلڈ بنک کے تعاون سے 1960ء میں طے پایا

Q10. سارک سے کیا مراد ہے

Ans 1: سارک جنوبی ایشیا کے ممالک کی تنظیم برائے علاقائی تعاون ہے اس کے قیام کا خیال بنگلہ دیش کے سابق وزیر اعظم جناب ضیا الرحمن نے 1980 میں پیش کیا لیکن اس تنظیم کا قیام 1985 میں عمل میں آیا اس تنظیم کا بنیادی مقصدر کن ممالک کے درمیان باہمی تعاون کو فروغ دینا ہے